P-302

9181

اردو لازمی - نہم

نوٹ: سیکشن-الف کے تمام سوالات حل کرنے کے لیے MCQ ANSWER SHEET پر درست جواب والا دائرہ پُر کریں اور مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں، چاہے آپ نے کوئی بھی سوال حل نہ کیا ہو۔

سیکشن-الف

وقت: 20 منٹ　　　　نمبر: 15

---

1. سبق ''اخلاقِ نبویؐ'' کے مصنف کون ہیں؟ الف) مولانا شبلی نعمانی، ب) ابن انشاء، ج) ماہر القادری، د) مشتاق صدیقی

2. صاحبزادوں کے ہاتھ سے..........اُتار لیے۔ الف) کپڑے، ب) ناخن، ج) کنگن، د) دستانے

3. جس شخص نے اللہ کے نام پر سوال کیا، وہ..........ہے۔ الف) مرتد، ب) کافر، ج) مسلمان، د) مامون

4. نیرنگِ خیال کس کی تحریر ہے؟ الف) محمد حسین آزاد، ب) سرسید، ج) شبلی نعمانی، د) نذیر احمد

5. ایک رات نصوح نے اپنے باپ کو..........میں دیکھا۔ الف) گھر، ب) مسجد، ج) حوالات، د) ہسپتال

6. منشی پریم چند کا اصل نام کیا تھا؟ الف) دھنپت رائے، ب) محمد فاروق، ج) صابر حسین، د) نظیر احمد

7. ترجمانِ حقیقت اور حکیم الامت کے القابات سے کس شاعر کو نوازا گیا؟ الف) نظیر اکبر آبادی، ب) امیر مینائی، ج) الطاف حسین حالی، د) علامہ محمد اقبال

8. ''دستک'' صنف کے لحاظ سے کیا ہے؟ الف) ناول، ب) افسانہ، ج) داستان، د) ڈراما

9. ''غلام'' کے مصنف کون ہیں؟ الف) امتیاز علی تاج، ب) فرحت اللہ بیگ، ج) ڈپٹی نذیر احمد، د) امیر مینائی

10. ناک میں دم کرنا ایک..........ہے۔ الف) روزمرہ، ب) محاورہ، ج) ضرب المثل، د) مقولہ

11. ....ضلع جہلم کے ایک گاؤں چکوال میں پیدا ہوئے۔ الف) کرنل محمد خان، ب) شفیق الرحمان، ج) حالی، د) سرسید احمد خان

12. گو سب سے مقدم ہے حق..........ادا کرنا۔ الف) اس کا، ب) تیرا، ج) میرا، د) اپنا

13. خطباتِ احمدیہ..........کی تصنیف ہے۔ الف) شبلی نعمانی، ب) سرسید احمد خان، ج) منشی پریم چند، د) امتیاز علی تاج

14. شاعر کا قلمی نام..........کہلاتا ہے۔ الف) خطاب، ب) کنیت، ج) لقب، د) تخلص

15. ہم ہر..........جھیل کے کنارے گزارتے۔ الف) اتوار، ب) پیر، ج) منگل، د) جمعرات

eduvision.edu.pk

9181

اردو لازمی - نہم

P-303

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

سیکشن - ب

نمبر: 36

1. مندرجہ ذیل میں سے صرف نو اجزاء حل کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. مصنف نے آپؐ کے اخلاق کا سب سے نمایاں وصف کیا بتایا ہے؟

ii. علامہ مقری نے تاریخ اندلس میں سائلوں کے بارے میں کیا لکھا ہے؟

iii. ہمارے کاموں میں برکت کیوں باقی نہیں رہی؟

iv. سلطان افلاک کے دربار سے کیا اشتہار جاری ہوا؟

v. جملہ فعلیہ کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

vi. صاحب خانہ کو اپنے گھر میں آرام و سکون کیوں نہ مل سکا؟

vii. کرنل محمد خان کے نثری فن پر تنقیدی نوٹ لکھیں۔

viii. سبق "قومی اتفاق" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

ix. نصوح نے خواب میں جس عدالت کو دیکھا، اس کی کیفیت اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

x. "تمہیں اس سے کہیں زیادہ ثواب ہوگا۔ اس جج کا نام جج اکبر ہے۔" اس جملے کا کیا مطلب ہے؟

xi. بے سہارا بچوں سے بُرا سلوک کیا جائے تو ان میں کیسی عادتیں پروان چڑھتی ہیں؟

xii. جملوں میں استعمال کریں۔ روزنامچہ عمری، منحرف، وافر، تعزیرات ہند

سیکشن - ج

نمبر: 24

2. متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔

الف) سورج غروب ہو رہا تھا۔ یکا یک دوسرا کنارہ جگمگا اٹھا۔ وہاں بادل کے ٹکڑوں اور دھند نے ایسا رنگین اور خوشنما محل بنا دیا تھا کہ ہماری آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں۔ نازک سی حسین محرابیں، رنگ برنگے برج اور مینارے، بل کھاتے ہوئے زینے، دور دور تک پھیلی ہوئی فصلیں۔

ب) غرض اسی طرح کئی شخص تھے کہ اپنی اپنی حالت میں گرفتار تھے۔ اور اپنے کیے پر پچھتا رہے تھے۔ مثلاً کسی بیمار نے افلاس لے لیا تھا۔ وہ اس سے ناراض تھا۔ کسی کو بھوک نہ لگتی تھی وہ اب جوع البقر کے مارے پیٹ کو پیٹ رہا تھا۔ ایک شخص نے فکر سے دق ہو کر اسے چھوڑا تھا۔ اب وہ دردِ جگر کا مارا لوٹ رہا تھا۔ غرض ہر شخص کو دیکھ کر عبرت اور پشیمانی ہی حاصل ہوتی تھی۔

3. نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

الف) مٹایا قیصر و کسریٰ کے استبداد کو جس نے
وہ کیا تھا، زورِ حیدرؓ، فقرِ بوذرؓ، صدقِ سلمانیؓ
ہوئے احرارِ ملت جادہ پیما کس تجمل سے
تماشائی شگافِ در سے ہیں صدیوں کے زندانی

ب) کیچڑ سے ہو رہی ہے جس جا زمین پھسلنی
مشکل ہوئی ہے واں سے ہر اک کو راہ چلنی
پھسلا جو پاؤں بگڑی مشکل ہے پھر سنبھلنی
جوتی گری تو واں سے کیا تاب پھر نکلنی

4. کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔ شاعر کا حوالہ دیں۔

الف) نشۂ عشق کا گر ظرف دیا تھا مجھ کو
عمر کا تنگ نہ پیمانہ بنایا ہوتا
تھا جلانا ہی اگر دوریٔ ساقی سے مجھے
تو چراغ درِ مے خانہ بنایا ہوتا

ب) تیرے وعدے پر جیے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا
یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح
کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غمگسار ہوتا

5. اپنے چھوٹے بھائی کو خط لکھیں جس میں اسے معاشرے میں پھیلی ہوئی برائیوں سے بچنے کی تاکید کریں۔ (یا)

درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

معمول تھا کہ جب فصل کا نیا میوہ خدمتِ اقدس میں پیش کرتا تو حاضرین میں جو سب سے کم عمر بچہ ہوتا، اس کو عنایت فرماتے۔ بچوں کو چومتے اور ان کو پیار کرتے تھے۔ ایک دفعہ آپؐ اسی طرح بچوں کو پیار کر رہے تھے کہ ایک بدو آیا۔ اس نے کہا: "تم لوگ بچوں کو پیار کرتے ہو، میرے دس بچے ہیں۔ مگر اب تک میں نے کسی کو پیار نہیں کیا"۔

سوالات: i. حضور ﷺ فصل کا نیا میوہ کس کو عنایت فرماتے تھے؟ ii. آپؐ جب بچوں سے ملتے تو کیا کرتے؟

iii. بدو کے کل کتنے بچے تھے؟ iv. یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

eduvision.edu.pk